جھینگے ،کیکڑے اور سلفش کے بارے میں حکم

الحمدللہ والصلوۃ والسلام علی رسول اللہ

الاستفتاء: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین اس مسئلہ کے بارے میں کہ جھینگا[Prawn] ،کیکڑا[Crab] اور سَلْفِش کو کھانے کے بارے میں اسلام کیا کہتا ہے؟

سائلہ:زبیدہ فرا م برنلے-انگلینڈ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بِعَونِ المَلِکِ الوَھاب اللھم ھدایۃَ الحَق والصواب

مچھلی کے سِوا دریا کا ہر جانور کھانا حرام ہے۔جو مچھلی بِغیرمارے خودبہی مر کر پانی میں اُلٹی تیرگئی وہ بھی حرام ہے، کِیکڑا و سلفش کھانا بھی حرام ہے، جھینگے کے مچھلی ہونےمیں اختِلاف ہےلہذا اس کا حلال یاحرام ہونا بھی مختلف فیہ ہوا مگر صحیح یہی ہے کہ جھینگا ایک مچھلی ہے لہذا اس کاکھانا جائز ہے مگر بچنا بہتر ہے۔فقیر نے آج تک نہ کھایا اور نہ آیندہ کھانے کی نیت۔

طافی مچھلی کا حکم بیان کرتے ہوئے اعلی حضرت امام اہلسنت امام احمدرضاخان علیہ رحمۃ الرحمن فرماتے ہیں کہ مچھلی تر ہو یا خشک، مطقا حلال ہے۔سوائے طافی کے جو خود بخود بغیرکسی سبب ظاہر کے دریا میں مرکر اترا آتی ہے۔عالمگیریہ میں ہے : السمک یحل اکلہ الاماطفا منہ ۔ مچھلی کھانا حلال ہے ماسوائے پانی پر تیرنے والے مرکر۔

(فتاوٰی ہندیۃ کتاب الذبائح الباب الثانی ۵ /۲۸۹/ فتاوی رضویہ ج20 ص333)

کیکڑا وسلفش آبی جانور ہیں کیونکہ ہمارے نزدیک مچھلی کے علاوہ ہر دریائی جانور حرام ہے جیسا کہ اعلی حضرت فرماتے ہیں کہ تحقیق مقام یہ ہے کہ ہمارے مذہب میں مچھلی کے سوا تمام دریائی جانور مطلق حرام ہیں۔

[فتاوی رضویہ ج20 ص337]

اعلی حضرت امام اہلسنت جھینگے کو مچھلی کی ایک قسم مانتے مگر اس سے بچنے کو بہتر جانتے ہیں جیسا کہ فتاوی رضویہ میں ہے کہ جن کے خیال میں جھینگا مچھلی کی قسم سے نہیں ان کے نزدیک حرام ہواہی چاہئے مگر فقیر نے کتب لغت وکتب طب و کتب علم حیوان میں بالاتفاق اسی کی تصریح دیکھی کہ وہ مچھلی ہے۔ قاموس میں ہے : الاربیان بالکسر سمک کالدود ۔ اربیان کسرہ کے ساتھ، کیڑے کی طرح مچھلی ہے۔

(القاموس المحیط باب الواؤ فصل الراء مصطفی البابی مصر ۴/ ۲۳۵)

[فتاوی رضویہ ج20 ص337]

اور ایک اورجگہ پر فرماتے ہیں کہ جو حضرات جھینگا کو مچھلی کی قسم کہتے ہیں حلال کہتے ہیں، کیونکہ مچھلی کی تمام اقسام ہمارے نزدیک حلال ہیں، اور جو حضرات اس کو غیر مچھلی کہتے ہیں وہ حرام مانتے ہیں کیونکہ مچھلی کے ماسوا تمام آبی جانور ہمارے نزدیک حرام ہیں، ایسے مسائل میں اجتناب بہترہے۔

[فتاوی رضویہ ج20 ص339]

واللہ تعالی اعلم ورسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ ابو الحسن محمد قاسم ضیاء قادری

THE RULING ON PRAWNS, CRABS AND SHELLFISH

الحمدلله والصلوة والسلام على رسول الله

Question:

What do the scholars of the Din and muftis of the Sacred Law state regarding the following issue: what does Islam say about eating prawns, crabs and shellfish?

Questioner: Zubaydah, UK

Answer:

بسم الله الرحمن الرحيم
الجواب بِعَونِ المَلِکِ الوَھاب اللھم ھدایۃَ الحَق والصواب

It is haram (prohibited) to consume anything other than fish from the creatures that live in water. The fish that die naturally and float on water are also haram for consumption. Consuming crabs and shellfish is also haram. There is a difference of opinion on whether or not prawns are included among fish. Thus, there is also a difference concerning its lawfulness and prohibition. The correct opinion is that prawns are included among fish and consuming them is lawful. However, it is better to abstain from it. This faqir (poor slave) has never consumed prawns nor intends to do so in the future.

Imam Ahmad Rida Khan (may Allah have mercy upon him) states regarding fish that float upon water, “Fish are lawful, be they dry or wet, except for those that die naturally and float upon water. It is mentioned in Alamgiriyyah:

السمک یحل اکلہ الاماطفا منہ

‘Fish are lawful for consumption except for those that die and float upon water.’”

[Fatawa Hindiyyah, vol. 5, pg. 289, Fatawa Ridawiyyah, vol. 20, pg. 333]

Crabs and shellfish are aquatic creatures. According to the Hanafi school, all aquatic creatures other than fish are haram. Imam Ahmad Rida Khan (may Allah have mercy upon him) states, “In our (Hanafi) school, all aquatic creatures except fish are absolutely haram.”

[Fatawa Ridawiyyah, vol. 20, pg. 337]

Imam Ahmad Rida Khan (may Allah have mercy upon him) considered prawns to be included among fish but also stated that it is better to abstain from it. He states in Fatawa Ridawiyyah, “Those who do not consider prawns to be fish

deem it to be haram. This faqir consulted lexicons, medical and zoological works, and found that there is unanimity on prawns being fish. It is stated in al-Qamus:

الاربیان بالکسر سمک کالدود

‘Prawns are fish that resemble insects.’” [al-Qamus al-Muhit, vol. 4, pg. 235, Fatawa Ridawiyyah, vol. 20, pg. 337]

He also states, “Those who consider prawns to be a type of fish deem it to be lawful. All types of fish are lawful according to us (Hanafis). Those who consider prawns to be other than fish deem it to be haram. According to us, all aquatic creatures other than fish are haram. In such issues, abstaining is better.”

[Fatawa Ridawiyyah, vol. 20, pg. 339]

واللہ تعالی اعلم ورسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
کتبہ ابو الحسن محمد قاسم ضیاء قادری

Answered by Mufti Qasim Zia al-Qadri

Translated by the SeekersPath Team